روزے کے لئے سحری شرط نہیں

مسئلہ: روزے کے لئے سحری شرط نہیں، بغیر کچھ کھائے پیے بھی روزہ رکھا جا سکتا ہے البتہ سحری کرنا سنت مبارک ہے لہذا اس سنت کو چھوڑنا نہیں چاہیے۔ سحری کی سنت پر عمل کرنے کے لئے پیٹ بھر کر کھانا پینا ضروری نہیں، چند لقمے بھی سحری کی نیت سے کھائے تو سحری کی سنت ادا ہو گئی۔

تراویح ادا نہ کی تو روزہ ہوجائے گا؟

مسئلہ: اگر کسی نے عذر کی وجہ سے یا بلا عذر تراویح نہیں پڑھی تو اس سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، روزہ ہوجائے گا۔

سوال: کیا الٹی (vomit) سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: خود بخود کتنی ہی الٹی ہوجائے اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا ہاں روزہ یاد ہوتے ہوئے جان بوجھ کر الٹی کی اور وہ ایسی الٹی ہو جو تکلّف کے بغیر روکی نہ جاسکے اور یہ الٹی کھانے، پانی، پیلے کڑوے پانی یا خون کی ہو تو اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا۔ اسی طرح اگر منہ بھر الٹی خود بخود ہوئی اور اس میں سے ایک چنے کے برابر بھی واپس لوٹا دی تو بھی روزہ ٹوٹ جائے گا۔

نوٹ: الٹی سے روزہ ٹوٹنے کی یہی دو صورتیں ہیں۔

روزے میں غسل فرض ہوجائے تو

مسئلہ: روزے میں غسل فرض ہو جائے تو بھی غسل کے انہی تین فرائض پر عمل ضروری ہے یعنی کلی کرنا، ناک میں پانی چڑھانا اور پورے جسم پر پانی بہانا کہ کوئی جگہ خشک نہ رہے البتہ روزہ کی حالت میں غرغرہ نہیں کیا جائے گا اور ناک میں اس احتیاط سے پانی چڑھایا جائے کہ دماغ تک نہ پہنچے۔

مشورہ: اگر رات میں غسل فرض ہو گیا اور وقت کم ہے تو کلی اور ناک میں پانی سحری کا وقت ختم ہونے سے پہلے چڑھا لے اور باقی جسم پر پانی بعد میں بہا لے اور غسل کرنے میں اتنی تاخیر نہ کرے کہ نماز قضا ہوجائے کہ ایسا کرنا حرام ہے۔

سحری و افطاری کا اذان سے کوئی تعلق نہیں

مسئلہ: سحری و افطاری کا اذان سے کوئی تعلق نہیں، اذان نمازوں کے لئے دی جاتی ہے، سحری اور افطاری کا تعلق وقت کے ساتھ ہے۔ وقت ختم ہونے کے باجود دوران اذان کھاتے پیتے رہے تو روزہ نہیں ہوگا۔کوشش کریں صبح صادق سے چند منٹ پہلے کھانا پینا بند کردیں۔ آسانی کے لئے نظام الاوقات کا نقشہ یا prayer timing کی ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کرلیں۔

کیا عورت کا روزے میں بچے کو دودھ پلانا جائز ہے؟

مسئلہ: عورت کا روزے میں بچے کو دودھ پلانا جائز ہے، اگر دودھ پلایا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

کیا آنکھ میں پانی جانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

مسئلہ: روزے میں آنکھ میں دوا ڈالنے سے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے لیکن وضو کرتے وقت یا چہرہ دھوتے ہوئے آنکھ میں پانی جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا بلکہ جان بوجھ کر آنکھ میں پانی ڈالنے سے بھی روزہ نہیں ٹوٹتا مگر جان بوجھ کر ڈالنا اچھا نہیں اور طبّی اعتبار سے نقصان دہ بھی ہے۔

روزے میں اگر آنسو منہ میں چلا جائے

رمضان

روزے میں اگر آنسو منہ میں چلا گیا اور حلق سے نیچے اتر گیا تو اگر ایک دو قطرے ہیں تو روزہ نہیں ٹوٹے گا اور اگر اتنا زیادہ تھا کہ سارے منہ میں اس کی نمکینی محسوس ہوئی تو ٹوٹ جائے گا۔

Faraz Attari Madani

مختلف کورسز کروائے جاتے ہیں چند کے نام یہ ہیں

فرض علوم، خواتین کے مسائل، سورہ النور ، باطنی امراض، خلاصہ القرآن ، وراثت کورس، عربی گرامر، ترجمہ القرآن، چالیس احادیث

کیا روزے میں استنجا کرتے ہوئے سانس لینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

مسئلہ: روزہ دار کے لئے بہتر تو یہی ہے کہ استنجا کرتے وقت سانس زور سے نہ لے لیکن صرف سانس زور سے لینے کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹے گا نہ ہی مطلقا پانی چڑھنے سے بلکہ روزہ اس وقت ٹوٹے گا جب پانی موضع حقنہ (دوا ڈالنے کی جگہ) تک پہنچے گا اور ایسا بہت کم ہوتا ہے کیونکہ جب پانی وہاں پہنچے گا تو شدید درد پیدا ہوگا اور سخت بیماری پیدا ہوگی۔

(ملخصا: فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 681، بحوالہ درمختار)

اگر خون تھوک سے زیادہ یا برابر ہے تو حلق کے نیچے
اترنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا

اگر تھوک سے کم ہے مگر حلق میں ذائقہ محسوس
ہوا تو بھی روزہ ٹوٹ جائے گا

اگر تھوک سے کم ہے اور ذائقہ بھی محسوس نہ ہوا
تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

سحری میں آنکھ میں ڈراپس ڈالے اور
سحری کا وقت ختم ہونے کے بعد حلق
میں ذائقہ (taste) محسوس ہوا تو اس
سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔